# شعبہ صنعت و دستکاری

## لجنہ اماء اللہ فرانس

## سالانہ نصاب

## 2025-2026

**وَاَنۡ لَّیۡسَ لِلۡاِنۡسَانِ اِلَّا مَا سَعٰی**

**اور یہ کہ انسان کے لئے اُس کے سوا کچھ نہیں جو اُس نے کوشش کی ہو۔**

(Sura Al-Najm, Vers 40)

**۔عَنۡ رَافِعِ بۡنِ خَدِیۡجٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنۡہُ قَالَ۔ قِیۡلَ یَا رَسُوۡلَ اللّٰہِ ! اَیُّ الۡکَسۡبِ أَطۡیَبُ ﷺ قَالَ: عَمَلُ الرَّجُلِ بِیَدِہٖ وَکُلُّ بَیۡعٍ مَبۡرُوۡرٍ** (مسند احمد بن حنبل صفحہ ۱۴۱)

حضرت رافع بن خدیجؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ سے کسی نے پوچھا، کون سا ذریعہ معاش بہتر ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا، ہاتھ کی محنت، دستکاری اور صاف ستھری تجارت بہترین ذریعہ معاش ہیں۔

## اس شعبہ کے مقاصد

حضرت مصلح موعودؓ کا اس شعبہ کو قائم کرنے کا اصل مقصد یہ تھا کہ ضرورتمند خواتین کو کام فراہم کیا جائے تا وہ اپنی معاشی حالت بہتر بنا سکیں۔ آپؓ نے فرمایا کہ:۔

**"کوئی بیکار نہ بیٹھے۔ قوم میں کوئی شخص نکمانہ رہے، محنت کرے، ہنر سیکھے اور ضرورت پڑنے پر محتاجی محسوس نہ کرے"۔**

# دستور اساسی میں سیکرٹری صنعت ودستکاری کے فرائض

۹۶۔ سیکرٹری صنعت ودستکاری صدر لجنہ اماء اللہ ملک کی اجازت سے نمائش منعقد کرنے کا انتظام کریں۔ نمائش کی اصل غرض احمدی مستورات کو ہنر مند بنانا اور بے کاری ختم کرنا ہے۔

۹۷۔ سیکرٹری صنعت ودستکاری نمائش کے حسابات کا مکمل ریکارڈ رکھنے کی ذمہ دار ہیں۔

۹۸۔ دوران سال ہونے والی مجالس کی نمائش کے متعلق ایک رپورٹ تیار کر کے مجلس عاملہ لجنہ اماء اللہ ملک کے سامنے پیش کرنا سیکرٹری صنعت و دستکاری کی ذمہ داری ہوگی۔

۹۹۔ سیکرٹری صنعت ودستکاری کا فرض ہے کہ ممبرات لجنہ کو نمائش کے لئے توجہ دلاتی رہیں۔ صنعت ودستکاری کے وسائل سوچیں اور اس کے لئے مسلسل جدوجہد کرتی رہیں۔

100۔ سیکرٹری صنعت ودستکاری کو اختیار ہے کہ وہ ایسی اشیاء کی تیاری کا انتظام کریں جو کار آمد اور نفع بخش ہوں۔

# گائیڈ لائن 2025 سے وضاحت

- ہنر مندی کلاسز، ورکشاپ، مقابلہ جات، اسٹالز کی تفصیل رپورٹ میں بھجوائیں۔
- حصہ لینے والی ممبرات کی تعداد، سالانہ نمائش اور مینا بازار کی تفصیل بھی درج کریں۔
- کمپیوٹنگ، cv تیار کرنے اور روزگار کے لئے مدد Tips و تجاویز دیں۔
- خدمت خلق سیکرٹری کے ساتھ مل کر نیشنل زبان سیکھنے، کمپیوٹر skills نیز جاب کی تلاش و cv بنانے میں مدد فراہم کریں۔

## حضرت اماں جانؓ ایک اعلیٰ مثال

حضرت اماں جانؓ جو حضرت مسیح موعودؑ کی زوجہ تھیں، وہ گھریلو امور میں بھی اعلیٰ منتظم تھیں۔ حضرت اماں جانؓ اکثر جماعت کی لجنہ کو مفید مشورے دیا کرتیں تھیں کہ کم آمدنی میں بھی گھر کو بہترین طریقے سے سنوارا جاسکتا ہے۔ آپ چیزوں کا ضیاع پسند نہیں فرماتیں تھیں۔ وہ پرانے کپڑوں کو مرمت کرکے ان سے بہترین اشیاء تیار کیا کرتیں تھیں۔ آپ کے گھر میں کوئی چیز بھی ضائع نہیں جاتی تھی۔ اصل میں آپ نے کافی سال پہلے ہمیں سکھادیا کہ کیسے چیزوں کو دوبارا استعمال کیا جاسکتا ہے۔ آپ ہمارے ہر کام کے لیے مشعل راہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں آپ کے نقشِ قدم پہ چلائے آمین۔

## نصاب

ہر مہینہ میں کلاسز ضرور کروائی جائے۔ آپ دیئے گئے سیکشنز (ہنر سکھانا، فرنچ کلاس، کمپیوٹر کلاس) میں سے کوئی بھی منتخب کرسکتی ہیں۔ البتہ پورے سال میں تینوں سیکشن پہ کام ہونا چاہئے۔ اور نصاب مکمل کیا جائے۔ ممکن ہے کہ کسی حلقے میں صرف کچھ لجنہ کو فرانسیسی کلاسز کی ضرورت ہو۔ اور کچھ کو کمپیوٹر کلاسز کی ضرورت ہے۔ اس طرح ایک مہینے میں تمام 3 حصوں پر کام کیا جاسکتا ہے۔ مرکزی حلقہ میٹنگ میں آپ اہم ہنر سیکھ سکتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ آپ مہینے میں دوسری کلاسیں بھی لے سکتے ہیں جن لجنہ کو ان کی ضرورت ہے۔

اپنے کئے گئے پروگرامز کی تفصیل ماہانہ رپورٹ میں لکھنا ضروری ہے کہ کلاس میں کیا کیا گیا، صرف یہ لکھ دینا کافی نہیں ہے کہ ایک سلائی کلاس کا انعقاد کیا گیا۔

## کلاسز

- کمپیوٹر میں ضروری سافٹ ویر انسٹال کرنا۔ مختلف اکاؤنٹ کیسے بنائے جاسکتے ہیں اور ای میل بھیجنے کا طریق۔ PDF بنانا۔ معمول کی ضروری دستاویز تیار کرنا۔
- فون میں ضروری اپیلی کیشنز انسٹال کرنا۔ google translate, comunication apps,
- انٹرنیٹ کا محفوظ استعمال۔ کمپیوٹر اور فون پر والدین کیسے نگرانی رکھ سکتے ہیں؟ کمپیوٹر ہسٹری چیک کرنے کا طریقہ parental control and passwords
- علم میں اضافہ کے لئے جماعتی ویب سائیٹس کو کیسے استعمال کیا جاسکتا ہے-جماعتی اپیلی کیشنز متعارف کروائیں اور ان کو انسٹال کرنے میں لجنہ کی رہنمائی کریں۔ جیسے X (ٹویٹر)، لجنہ ویب سائٹ Lajna.fr، Alislam.org

## فرنچ کلاس

- اپنے حلقہ کے لجنہ کے معیار کے مطابق باقاعدہ فرانسیسی اور اردو کلاسز کا انعقاد کریں۔ ہر لجنہ کو بنیادی فرانسیسی اور اردو زبان پڑھنے، سمجھنے اور بولنے کے قابل ہونا چاہیے۔

## سٹالز

- **سٹالز**۔ مجلس میں اجلاس کے موقع پر کھانے پینے کے سٹالز لگائے جائیں۔ وہ سادہ ہو سکتے ہیں اور آپ اپنی لجنہ اور بچوں کی ضروریات کے مطابق چیزیں رکھ سکتے ہیں۔
- جلسہ سالانہ اور نیشنل اجتماع کے موقع پر تمام مجالس نیشنل سیکریٹری صنعت ودستکاری کے زیر نگرانی سٹالز لگائیں گی۔

## مینا بازار

- **نیشنل اور مقامی سطح پر کم از کم سال میں ایک بار۔**(پیرس کی مجالس مسجد مبارک میں اور باقی مجالس مقامی سطح پر دی گئی تاریخ پر مینا بازار کا اہتمام کریں گی)
- **مسجد ڈے۔** مقامی سطح پر کم از کم سال میں ایک بار۔
- **بروکانت۔** مقامی سطح پر کم از کم سال میں ایک بار۔

## ہنر سکھانا

- **دستکاری:۔** آرٹ ورک فریم۔ جیولری، بیگز اور دیگر ضرورت کی اشیاء

**Upcycling یا recycling کے پراجیکٹ۔** یعنی پرانی چیزوں کو دوبارہ ٹھیک کر کے استعمال میں لانا۔

- **سلائی/بننا:۔** ٹروزر، شرٹ، تکیہ وغیرہ نیز اون اور کروشیا سے اشیاء بنانی سکھائی جائیں۔

## روزگار کے طریقے

- کوئی بھی لجنہ جو کوئی ایسا ہنر جانتی ہیں جس سے آمدنی حاصل کی جاسکتی ہے، وہ اس ہنر کو بانٹیں اور اپنے حلقے میں لجنہ کو سکھائیں۔

پیشہ ورانہ بیکنگ، کھانا پکانا وغیرہ

- لجنہ کے لئے ہم شعبہ خدمت خلق کے تعاون سے پیشہ وارانہ رہنمائی اور کاروبار سے متعلق فورم جیسے سیمینار کا انعقاد کریں گے۔

# تاریخ

لجنہ کی تنظیم میں اس شعبہ کا آغاز اکتوبر ۱۹۲۶ء میں ہوا۔ جب لجنہ نے ہاتھ سے بنی چیزیں فروحت کر کے فنڈ جمع کیا۔ ۱۳۰ اکتوبر کو ایک اجتماع میاں بشیر احمد صاحب کے گھر منعقد ہوا جس میں اشیاء فروخت ہوئیں اور ساری رقم جو جمع ہوئی وہ تبلیغ فنڈ میں دے دی گئی۔ اس کے بعد آنے والے سال میں یعنی ۱۹۲۷ء میں ایک نمائش منعقد ہوئی جس میں لجنہ نے ہاتھ کی بنی ہوئی چیزیں پیش کیں۔ اس نمائش کے لیے داخلہ ٹکٹ کا اجرا کیا گیا۔ امتہ المغنی شمیم صاحبہ اس نمائش میں اوّل ٹھریں۔ جنھوں نے ایک نیلی شنیل کا جھنڈا تیار کیا جس پر سیلور دھاگے کے ساتھ مسیح موعودؑ کا الہام "الیس اللہ" درج تھا۔ انکو اس موقع پر چاندی کے میڈل سے نوازا گیا۔ اس کے بعد آنے والے سال میں اسکو باقاعدہ ایک شعبہ کا درجہ دے دیا گیا اور نمائش اس کا ایک اہم جز بن گیا۔

# نمائش

نمائش کے لئے آپ کچھ بھی بنا سکتی ہیں۔ تمام مجالس سال کے شروع سے ہی کلاسز میں اس پر کام شروع کریں۔ بھرپور محنت اور لگن سے نمائش کی تیاری کریں۔

مقابلہ جات۔ نمائش کے لئے تیار کردہ اشیاء کے مقابلہ جات مجالس کی سطح پر اور انفرادی سطح پر نیشنل اجتماع کے موقع پر کروائے جائیں گے۔